Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Judicial Academy (Amendment) Bill, 2015 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

## مجلس قائمہ برائے محکمہ ماحولیات کی رپورٹ کی مدت میں توسیع

Mr. Speaker: Item No. 14, Mr. Qurban Ali.

Mr. Qurban Ali Khan: Mr. Speaker Sir, on behalf of Chairman Standing Committee No. 11 on Environment Department, I beg to

move under sub-rule (1) of rule 185 of the Provincial Assembly Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988 that the time for presentation of the report of Standing Committee No. 11, on Environment Department, may be extended till date and I may be allowed to present the report in the House. Thank you.

Mr. Speaker: The motion before the House is that extension in period may be granted to the honourable Member of Standing Committee No. 11, on Environment, to present the report of the Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Extension in period is granted.

## مجلس قائمہ برائے محکمہ ماحولیات کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 15, Qurban Ali Khan.

Mr. Qurban Ali Khan: On behalf of Chairman of Standing Committee No. 11, on Environment Department, I beg to present the report of the Standing Committee No. 11, on Environment Department in the House.

Mr. Speaker: It stands presented.

## سینیٹ الیکشن کے انعقاد کیلئے اسمبلی چیمبر استعمال کرنے کی اجازت

جناب سپیکر: ریزولیوشن۔ منسٹر لاء۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد وضوابط وطریقہ کار مجریہ 1988 کے قاعدہ 240 کے تحت تحریک پیش کرتا ہوں کہ قاعدہ 245 کو معطل کیا جائے اور اسمبلی چیمبر کو 13 مئی 2015 کے سینیٹ ضمنی الیکشن کے سلسلے میں بطور پولنگ سٹیشن استعمال کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 245 may be relaxed under rule 240 and the resolution, moved by the honourable Minister, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'..

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

## رسمی کارروائی

جناب شاہ فرمان (وزیر آبنوشی): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، شاہ فرمان صاحب۔

وزیر آبنوشی: شکریہ جناب سپیکر۔ آپ نے پوائنٹ آف آرڈر پر یہ موقع دیا ایک ایشو کی طرف، اس ہاؤس کے سارے ممبران نے پیسکو کو اپنے ڈیویلپمنٹل فنڈز میں سے پیسے دیئے ہیں اور اس سے پہلے بھی اس کے اوپر بات ہو چکی ہے۔ پیسکو نے خیبر پختونخوا کے اراکین کے ڈیویلپمنٹل فنڈز کے پیسوں میں ٹینڈرز کئے اور ان کی 'اپروڈ' سکیمیں پڑی ہوئی ہیں، ٹرانسفارمرز، 'پولز' ، ساری ضروریات ان کے سٹورز تک پہنچ گئیں لیکن بدقسمتی سے کسی بھی ممبر کے حلقے میں ان کو نہ ٹرانسفارمرز دیئے جارہے ہیں، نہ 'پولز' دیئے جارہے ہیں بلکہ فیڈرل حکومت، مرکزی حکومت کی طرف سے جو ہدایات ہیں اور جو امیر مقام صاحب ادھر بیٹھے ہیں، وہ صوبائی حکومت کے پیسوں سے خریدے گئے ٹرانسفارمرز اپنی مرضی سے لوگوں کو دے رہے ہیں۔ جناب سپیکر! یہ کہاں کا انصاف ہے کہ دو سال سے پیسکو کے پاس آنریبل ممبرز کے پیسے پڑے ہیں، ' اپروڈ ' سکیمیں بھی پڑی ہوئی ہیں، کسی کو نہیں مل رہی ہیں، اگر کسی کے دس ٹرانسفارمرز ہیں تو مشکل سے ایک ٹرانسفارمر دیا گیا لیکن امیر مقام کی بادشاہت جاری ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ پیسکو کے پیسوں سے بھی یہ کام کر رہے ہیں تو نئی سکیموں کے اوپر پابندی ہے، ان کو اس طرح نہیں کرنا چاہیئے لیکن وہ یہ تو Justify کریں، یہ تو Justify کریں کہ اگر 'اپروڈ' سکیمیں پڑی ہوئی ہیں اور پیسے بھی صوبائی حکومت کے اور صوبائی اسمبلی کے ممبران کے ہیں اور ان کو آپ ان کا حق نہیں دے رہے ہیں اور اپنی من مانی کرتے ہیں اور اپنی مرضی سے، میں سمجھتا ہوں جناب سپیکر! اس کو میں کیا کہوں، اس کو میں چوری کہوں، اس کو میں ڈاکہ کہوں، کونسے الفاظ اس کیلئے استعمال کروں کہ ٹینڈر بھی پیسکو نے ان پیسوں سے کئے جو کہ ان ممبران کے پیسے ہیں، وہ پیسکو کے اپنے پیسے بھی نہیں ہیں۔ جناب سپیکر! اس کیلئے اس سے پہلے بھی صوبائی حکومت، اس صوبے کے حقوق کی بات ہو گئی، یہ تو درکنار کہ ہمارے ٹرانسفارمرز جو خراب ہیں، وہ ٹھیک کریں، اب تو معاملات یہاں تک بگڑ گئے ہیں کہ ہمارے پیسوں پر ہمیں کچھ نہیں دیا جارہا، بجلی بھی ہماری، پیسے بھی ہمارے لیکن ہمیں نہیں مل رہے۔ اس سے پہلے بھی اس ہاؤس کے اندر اس کے اوپر بحث ہو چکی ہے، لہذا جناب سپیکر! ہم نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے، اس ہاؤس نے فیصلہ کیا تھا کہ ہم لوگوں کو مزید تکلیف نہیں دیں

گے بلکہ اس ہاؤس کے ممبران خود جا کر اسلام آباد میں دھرنا دیں گے۔ جناب سپیکر! اگلے ہفتے ہم یہ سارے ایشوز، اس میں راہداری کا بھی ایشو ہے لیکن اس وقت میں اس ایشو کو ہاؤس کے سامنے اسلئے رکھنا چاہتا ہوں کہ ظلم کی انتہا ہو گئی اور ہمارے پاس اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں رہا کہ ہم اسلام آباد جا کر پارلیمنٹ کے سامنے بیٹھ جائیں، ہم جواب چاہتے ہیں پیسکو چیف سے، ہم جواب چاہتے ہیں پرائم منسٹر سے، ہم جواب چاہتے ہیں منسٹر خواجہ آصف سے کہ آخر ہمارے ساتھ یہ ناانصافی کیوں؟ اس سے پہلے صوبے کے اندر جو پی پی پی اے این پی کی حکومت تھی تو وہاں شہباز شریف صاحب نے مینار پاکستان کے ساتھ ایک کیمپ لگایا کہ ان کو بجلی نہیں دی جا رہی، ہم کیا کریں؟ جناب سپیکر! میں اس پورے ہاؤس سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ متفقہ طور پر اگلے ہفتے کوئی دن ہم طے کریں اور ہمیں اسلام آباد جانا ہو گا، (تالیاں) ہمارے ساتھ یہ جو زیادتی ہو رہی ہے، سب کے ساتھ، یہ صوبے کے ساتھ ہو رہی ہے اور ہمارا صبر جواب دے گیا ہے تو ان شاءاللہ جناب سپیکر! ہمیں اگر Sunday تک، Monday تک مطمئن جواب نہ ملا تو پھر ہم اسلام آباد جائیں گے، پارلیمنٹ کے سامنے بیٹھیں گے اور ادھر وزیراعظم صاحب سے پوچھیں گے کہ یہ تو بتائیں کہ یہ ظلم نہیں ہے؟ اور اگر ظلم ہے تو اس کو روکیں، آپ پاکستان کے پرائم منسٹر ہیں، آپ خیبر پختونخوا کے بھی پرائم منسٹر ہیں اور آپ کو اس بات کا احساس ہونا چاہیئے کہ اگر آپ اس صوبے کے ساتھ خصوصی امداد نہیں کر سکتے تو کم از کم ہمارے حق کے اوپر ڈاکہ نہ ڈالا جائے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب زرین گل: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: زرین گل صاحب! زرین گل صاحب۔

جناب زرین گل: ډیره مننه محترم سپیکر صاحب۔ حقیقت دا دے چې د دې صوبې سره، د دې د عوامو سره انتهائی زیاتے کیږی لګیا دے او دا وائی چې "This is the law of nature that powers always subdue the weak"۔ دا د قدرت یو قانون دے، د بره نه رارواں دے، دا مسلسل زیاتے کیږی۔ په سټیجونو باندې یو طرف ته مونږه د اټهارهویں ترمیم لګیا یو چې مونږ ته صوبائی خود مختیاری ملاؤ شوه لیکن حقیقی معنو کښې زمونږه اوسه پورې هم اختیارات، هغه هلته بره انښتی دی۔ هغه وائی، یو مشهور متل دے، "چې توره د لالا وهی او مزې د عبدالله وهی" دهشتګردئ شکار مونږه یو، وسائل خدائے پاک مونږ له

راکړی دی، فرنټ لائن پراونس مونږه یو او مزې چې کوم دے هغه نور خلق په مونږه کوی۔ جناب سپیکر صاحب! زه خو چې کوم دے بالکل چې څنګه شاه فرمان اووئیل، د دې زیاتی خلاف یواځې دا نه د بجلئ دا ، بلکه زه چې کوم دے هغه Accord چې دے ، دا 91 کښې چې کوم Water Accord شوے وو، اوسه پورې د هغې تقریباً دیرش کالو نه خو سیوا اوشول چې د هغې Accord چې کوم دے ، زمونږه هغه اوبه چې کومې ځی او هغه اوبه استعمالیږی، نو یو طرف ته چې کوم وخت کښې د غلې مسئله راشی نو پنجاب وائی دا غنم زما دی، بل طرف ته دغه غنم زمونږ په اوبو پیدا کیږی، په سندھ کښې دغه اوبه استعمالیږی، په بلوچستان کښې په Pat Feeder کښې استعمالیږی، په پنجاب کښې استعمالیږی او ما خپل Privately د هغې چې کوم Calculation کړے دے ، هغه څه 124 ارب روپئ جوړیږی او د هغې څه تپوس نشته دے ، ډیړه سو ارب روپئ زمونږه نیټ پرافټ کښې جوړیږی، د هغې څه تپوس نشته، د پاکستان سستا ترین بجلی هغه دا صوبه لګیا ده پیدا کوی او زمونږه دا حال دے چې هغه دے ګرمی راروانه ده او خصوصاً بیا په دې ممبرانو خو زوروره هله ګله، چې یو دا بلدیاتی، دا چې په دیرشم، او یو دا هاړ وی، او یو دا ټرانسفارمرې وی، او یو دا کهمبې وی، او یو زمونږه دا کوم بې چاره ګان مونږه ناست یو، چې زمونږه دا موجوده کوم حالت دے نو زه خو وایم چې ما ته ښکاریږی چې مونږ له به کډې کول راشی۔ قوم به زمونږ نه تپوس کوی چې بهئ دا صوبائی خودمختاری وه او دا تاسو څه ته ناست یئ؟ نو په قراداد ونو خو مونږه لوئې قرارداد ونه دغه کړل، Unanimously پاس شول، اوشو، زه بالکل د اپوزیشن د طرف نه په دیکښې حمایت کوم، دا دی ټول ناست دی، ټول د پارلیمنټ دې مخې ته به هلته کښینو او د یو نه دا ټولې خبرې به ورسره طے کوؤ، هسې نه پاځو، دا اوس نه کیږی، دا هسې په ګپ شپ نه کیږی، سیدها هلته کښینو، هلته کیمپونه اچوؤ چې بهئ مونږ سره زمونږه حساب اوکړئ، که نه وی نو د سره دلته په اسمبلئ کښې د ناستې هڅو دغه نشته دے او راځئ چې ځان له کور کښې کښینو۔

<u>جناب سپیکر:</u> میڈم انیسہ زیب!

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ یہ بہت اہم بحث ہے، اس پر تو میں سمجھتی ہوں کہ اس اسمبلی نے قرار دادیں پاس کرکے اور گلے شکوے کرکے اب تک بالکل، اگر حقیقتاً کہا جائے تو لفاظی نہ ہوگی کہ تھک گئے ہیں اور اب سمجھ نہیں آتی کہ اس کا آگے اگلا لائحہ عمل کیا ہے۔ 2400 میگاواٹ بجلی میں ہمارا شیئر ہے جناب سپیکر! لوڈشیڈنگ کے زمانے میں وہ کہتے تھے کہ 1300 میگا واٹ تک ہمیں ملے گی اور حقیقتاً دیکھا جائے تو 900 میگاواٹ کے قریب بھی بمشکل ہمیں مل رہی ہے، ہمارا صوبہ سب سے زیادہ جو ہائیڈل الیکٹرسیٹی ہے وہ جنریٹ کر رہا ہے، ہمارے پاس اللہ کے فضل و کرم سے پانی اور گیس کے اور اب تیل کے بھی ذخائر موجود ہیں، صوبائی حکومت اپنے تیئں یہ کوشش کرتی ہے، اسمبلی نے، اپوزیشن اس سے بالاتر ہو کر صوبے کے مفاد میں اس کے ساتھ وقتاً فوقتاً ہر وقت ساتھ رہی، ہماری ہمیشہ پہلے دن سے کوشش رہی کہ مرکزی حکومت کے ساتھ ایک اچھا ورکنگ ریلیشن شپ ہو تاکہ انہیں اس صوبے کے ساتھ ہمدردی بھی پیدا ہو اور یہ احساس ان کے دل میں بھی ہو کہ اگر صوبے کی بجلی نیشنل گرڈ سے باقی صوبے استعمال کر رہے ہیں، ہماری ضرورتوں کو بھی چھوڑ کے تو شاید وہ اس بات کا احساس کریں کہ صوبہ ایک بہت بڑی بھلائی کر رہا ہے، یہاں کے لوگ ایک بہت بڑی قربانی دے رہے ہیں۔ گیس اگر یہاں سے نکل رہی ہے تو اس سے امید یہ تھی کہ شاید اب یہاں پر صوبہ جو ہے وہ اس گیس سے اپنے ٹربائن لگائے اور بجلی پیدا کرکے اس کو ہم اپنے اضافی کاموں میں استعمال کریں، چاہے وہ انڈسٹری کیلئے ہو، چاہے وہ اور دوسرے مقاصد کیلئے لیکن یہ Unfortunately، بدقسمتی کہوں گی کہ بہت کوشش کے باوجود بھی یہ نہیں ہوا بلکہ الٹا یہ ایک Impression باقی ملک کو دیا گیا کہ جیسے یہ صوبہ بہت بڑی بجلی کی چوری کر رہا ہے، یہ ایک ایسا الزام ہے جس کیلئے ہم سمجھتے ہیں کہ وفاقی حکومت کو اس چیز کیلئے فوری طور پر گراؤنڈ میں ایکشن لینا چاہیئے تھا۔ صوبائی حکومت اگر اس چیز کی مخالفت کرتی تو خود ہی ایسے اقدام کی جس سے یہ بجلی جو ہے اس کی چوری کی روک تھام ہو سکتی تو پھر ہم صوبائی حکومت پر یہ الزام لگا سکتے تھے جبکہ صوبائی حکومت برملا کہہ رہی ہے، آج اس کے وزراء کہہ رہے ہیں، وزیراعلیٰ صاحب Openly پریس کانفرنس میں کہہ رہے ہیں، جتنے بڑے Highest forums ہیں، اس میں بھی وہ جا کر کہہ رہے ہیں کہ اگر یہ چوری ہے تو صوبائی حکومت مکمل سپورٹ دے گی، آپ ان افسران کو جو واپڈا کے ہیں، پیسکو کے ہیں،

جوان کنڈوں کو نہیں پکڑ سکتے یا اس کی Coverage نہیں دے رہے ہیں یا وہ افسران جو اس کے اوپر ہیں یا چھوٹا عملہ یا جو میٹر ریڈرز ہیں، وہ اس پر کارروائی نہیں کر رہے ہیں تو ان کے خلاف آپ ایکشن لیں، کیونکہ اس کیلئے صوبائی حکومت ذمہ دار نہیں ہے لیکن ہم نے دیکھا کہ ایسا کوئی خاص کیس سامنے نہیں آیا، جہاں پر کسی بڑے افسر کو پیسکو نے سسپنڈ کیا ہو یا کسی کو نوکری سے نکالا گیا ہو بلکہ وہ ان کو Cover دے رہے ہیں، تو صرف الزام پر ہم سمجھتے ہیں کہ یہ چیز نہیں ہونی چاہیئے۔ اسی لئے آپ کی فہم و فراست کی وجہ سے گزشتہ دنوں ایک میٹنگ بلائی گئی اور اس میں آپ نے ایک صوبائی جرگہ تشکیل دیا، اس کو نوٹیفائی کر دیا، اس میں تمام پارٹیوں کے جو پارلیمانی لیڈرز ہیں، اس کے ممبرز ہیں، اس کے علاوہ دو حکومت اور دو اپوزیشن کے بنچز سے ممبران آپ نے اس میں ڈالے اور خود اس کو چیف منسٹر صاحب ہیڈ کریں گے، اب ضرورت اس بات کی ہے جناب سپیکر! کہ اس چیز کو، کیا وجہ ہے سی سی آئی میں، این ای سی میں یا اگر آپ دیکھیں تو این ایف سی ایوارڈ کی میں ایک مثال دے دوں، وہ ایوارڈ ہی فائنل نہیں ہو رہا، یعنی جب آپ نے اس میں تمام شیئرز طے کرنے ہیں، وہ گزشتہ سال بھی نہیں ہوا، اس سال بھی اب امید کی جا رہی ہے کہ وہ ہو اور اگر آپ باقی معاملات بھی دیکھیں، فیڈرل جابز کے حوالے سے، کارپوریشنز کے اندر ہمارا شیئر، ٹیکسوں کی مد میں اور پھر گیس جو ہے ایک بڑی Important چیز ہے، اس میں بھی انہوں نے ہمارے جو جنوبی اضلاع میں گیس ہے، اس کی ڈائریکٹ پائپ لائن وہ اٹھا کے لے گئے جبکہ صوبائی حکومت جو ہے اس نے ان کو اتنے اچھے منصوبے Suggest کئے، یہاں تک چھوڑیں کہ جو پاک چائنا کاریڈور کے حوالے سے جو انویسٹمنٹ آئی ہے، چاہیے تو تھا کہ اس میں یہاں صوبے کے ایسے بڑے پراجیکٹس آتے یا پھر ابھی جو سی ڈی ڈبلیو پی نے پراجیکٹس کئے ہیں، چھ ہزار میگاواٹ کے تھرمل الیکٹریسٹی کے پراجیکٹس، پنجاب کے مختلف اضلاع میں شروع کئے گئے جناب سپیکر! جبکہ ہم جس دن سے یہ اسمبلی وجود میں آئی ہے، یہی شور کر رہے ہیں کہ صوبے میں ہائیڈل پاور کی بہت بڑی ایک Strength ہے، اس کو آگے Tap کیا جائے، اس کے اوپر کام کیا جائے، ہمارے صوبے کے جو کلیئر پراجیکٹس تھے مثلاً منڈا ہو گیا، بھاشا ہو گیا، اس کا نہیں، بیچ میں ایک داسو ڈیم لیکر آ گئے، ایک Suki Kinari، ٹھیک ہے اگر آپ لیکر آئے ہیں لیکن ایسے نامور پراجیکٹس یہاں پر آپ کے تقریباً اگر دیکھا جائے تو اسی روٹ کے اوپر آپ جو Upstream یا پھر سوات میں آپ ہزاروں میگا

واٹ کی سستی بجلی پیدا کر سکتے ہیں تو یہ چیز، وفاقی حکومت کی کیا سوچ ہے؟ تو اس لحاظ سے میں سمجھتی ہوں کہ اگر حکومت نے کوئی عملی اقدام کیا، ہمیں اب عوام کو سڑکوں پر لانے سے اجتناب کرنا ہوگا، یہ ان کو ابھی سمجھ آگئی کہ عوام Already اپنے مسائل میں بہت تھک کر چور ہو گئے ہیں، ان کے مسائل ایسے ہیں کہ ان کو سڑکوں پر لانے کی بجائے اب میں سمجھتی ہوں کہ اس ہاؤس کے ممبران کا یہ حق ہے کہ وہ اب میدان میں آکر وہ پارلیمنٹ کے سامنے احساس دلائیں اور جا کر نہ صرف مرکز بلکہ پوری دنیا کو پتہ ہو کہ ایک صوبہ جس کے اندر خدا تعالیٰ نے اتنی قوتیں دی ہیں، جس کے اندر تمام سہولیات ہیں، ٹھیک ہے پسماندہ صوبہ ہے، اس کو ڈیویلپ کرنا چاہیئے، یہ 'ٹیررازم' سے مارا ہوا صوبہ ہے، Victim ہوا ہے، اس کا کوئی حل نکالنا چاہیئے، بجائے اس کے کہ آپ اس حوالے سے کچھ اور Compensation دیں، Out of the way جائیں، آپ اس کو اس وقت Ignore کر رہے ہیں تو یہ صوبے کے معاملے میں بالکل، میں شاہ فرمان صاحب کی بات کے ساتھ یہ اتفاق کروں گی، ہم سب ایک ہیں، پارلیمان، پارلیمنٹ بلڈنگ کے باہر جا کر دھرنا دینا ہو، پارلیمنٹ بلڈنگ کے اندر جا کر دھرنا دینا ہو، ڈی چوک کے اوپر جا کر، تو اس دھرنے میں ہم آپ کے ساتھ ہوں گے کیونکہ اس سے ہم عوام کے اوپر بوجھ نہیں بلکہ یہ ان کے جو یہاں پر نمائندے بیٹھے ہیں، یہ اب ان کا حق ہے کہ اپنے صوبے کیلئے آواز اٹھانے کیلئے کچھ عملی کارروائی کریں اور میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہ اچھا ہے کہ آج کی اس بحث سے وفاقی حکومت کو ایک پیغام پہنچے گا کہ اس سے پہلے کہ ایسی کسی صورتحال کا سامنا ہو، ایسی کسی Embarrassment کا سامنا ہو، وہ اس کا فوری طور پر تدارک کرے، صورتحال کا نوٹس لے اور وفاقی حکومت کی ایک ہائی پاور ٹیم صوبے کے ساتھ آکر صوبائی حکومت کے ساتھ ان تمام امور پر جس کیلئے وزیر اعلیٰ صاحب نے گزشتہ روز ایک پریس کانفرنس کی تھی، تمام پولیٹیکل پارٹیز کے اکابرین کے ساتھ بیٹھ کر ان تمام نکات کو سیریس لے اور ہمیں مکمل طور پر اس بات کی ضمانت دی جائے کہ صوبے کے ساتھ کسی بھی لیول پر کوئی زیادتی نہیں ہو گی۔ ہمارے پاس نہروں کا انفراسٹرکچر نہیں ہے تو اس کا مطلب ہے کہ ہم اپنے حصے کا پانی بغیر کسی وجہ کے دیتے رہیں گے؟ نہ واٹر چارجز ہیں، نہ کوئی انفراسٹرکچر میں وفاقی حکومت آکر کوئی صوبائی پروگرام کرتی ہے، پچھلے سال بھی جو بجٹ میں جو فیڈرل پروگرام تھا جناب سپیکر! ہمارے بجٹ میں اس کے اوپر کٹ لگا کر اس کو میرا خیال ہے جتنا ٹوٹل تھا، اس کا

تیسرا حصہ بھی انہوں نے یہاں پر جاری نہیں کیا، وہاں پر Releases ان کی کم ہیں اور الٹا ظلم یہ ہے کہ اب ان Releases کو انہوں نے Lapsable کر دیا ہے جو کہ ہمارے لئے ایک بہت بڑا نقصان ہے کہ اگر وہ پیسہ آپ استعمال نہیں کریں گے تو وہ پیسہ Lapse ہو جائے گا جبکہ ڈیویلپمنٹ کا اس سے پہلے وفاقی حکومت کا پیسہ بھی Non lapsable ہوتا تھا، Reschedule ہو جاتا تھا، یہ تمام مسائل ہیں جس کیلئے ہم سب مل کر ان شاءاللہ وتعالیٰ جدوجہد کریں گے اور ان مسائل کو وفاقی حکومت کے ساتھ Take up کر کے صوبے کے عوام کو ان مسائل سے اور خصوصاً لوڈ شیڈنگ سے چھٹکارا دلائیں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

## جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب سپیکر: اچھا، میں اس موقع پر ایک اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ میری چیف منسٹر صاحب سے بھی بات ہوئی ہے اور Thursday کو تمام پارلیمانی لیڈرز اور جو کمیٹی ہم نے بنائی تھی میڈم! جس میں کچھ اور بھی لوگوں کو ڈالا تھا، تو Thursday کو ہم ان شاءاللہ اس کے بارے میں میٹنگ کریں گے اور لائحہ عمل طے کریں گے کہ ہمیں اس کیلئے کیا اقدامات اٹھانے ہیں۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: عنایت خان صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر! اس کے ساتھ اگر ایک دوسرا ایشو ہے، یہ بھی میں نے اشارتاً کہا تھا کہ یہ مسئلہ اسمبلی کے اندر بھی اٹھے گا اور یہ جو خیبر پختونخوا کو اس طرح دیوار کے ساتھ لگایا جا رہا ہے، اس کے ساتھ اگر آپ اکنامک کاریڈور والا ایشو بھی نتھی کریں، میڈم نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے، وہ بھی اس وقت بڑا Important ہے کیونکہ آپ کی اس اسمبلی کی طرف سے ریزولیوشنز گئی ہیں اور ابھی تک خیبر پختونخوا کی قیادت کو اور حکومت کو اس کے اوپر اعتماد میں نہیں لیا گیا ہے، Chinese president آ گئے ہیں اور Chinese president نے آ کر وہ معاہدے سائن کئے ہیں، تو یہ میں آپ کو بتاتا چلوں کہ 45 ارب ڈالر کے اندر، اس Backward صوبے کے اندر، اس دہشتگردی کے شکار صوبے کے اندر کوئی 2.5 بلین ڈالر کے منصوبے ہیں، 45 ارب ڈالر کے اندر کوئی 2.5 بلین ڈالر کے منصوبے اس

صوبے کے اندر رہیں اور جو انویسٹمنٹ ہو رہی ہے، وہ پوری ایک صوبے کے اندر جا رہی ہے، روٹ کا بھی ابھی تک انہوں نے ہماری لیڈرشپ کو اعتماد میں نہیں لیا ہے، ہمارا خیال تو یہ تھا کہ یہ حویلیاں سے گزر کر پھر ڈی آئی خان کو ٹچ کرکے، سدرن ڈسٹرکٹس کو ٹچ کرکے جو سدرن پنجاب ہے، یہ سارے محروم علاقوں سے اوریجنل روٹ گزرتا ہے، خیبر پختونخوا کے سدرن ڈسٹرکس اور ہزارہ سے ہوکر پھر سدرن پنجاب اور پھر بلوچستان کے اندر Enter ہوتا، یہ اوریجنل روٹ ہے تو اس اوریجنل روٹ کو بھی چینج کیا جا رہا ہے اور بہانہ یہ بنایا جا رہا ہے کہ باقی موٹروے جو ہے چونکہ پہلے سے فنکشنل ہے، فیصل آباد تک اس کا چھوٹا سا لنک بنانا ہے اور یہ ڈپلومیٹک انداز سے اور طریقے سے یہ فیڈرل گورنمنٹ بات کرتی ہے کہ اوریجنل روٹ کو تو چینج نہیں کیا جا رہا ہے لیکن اس کے اوپر ہماری قیادت کو اعتماد میں نہیں لیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت بڑی Important بات ہے، جس طرح بی بی کا مسئلہ Important ہے، جس طرح نیٹ ہائیڈل پرافٹ کا مسئلہ Important ہے، جس طرح یہ Important ہے کہ ہمارے نیٹ ہائیڈل پرافٹ کے بقایاجات نہیں دیئے جا رہے ہیں اور یہاں Chain augmentation کے نام سے اور دوسرے ناموں سے سیاسی بنیادوں پر بلدیاتی الیکشن کے اندر ٹرانسفارمرز تقسیم کئے جا رہے ہیں، یہ سارے ایشوز اپنی جگہ بڑے Important ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ آپ اگر جمعرات کے روز پارلیمانی لیڈرز کے اجلاس میں بات کرتے ہیں تو ان دونوں ایشوز کو At a time اٹھائیں۔ اگر آپ اسلام آباد کے اندر جاتے ہیں اور اس کیلئے احتجاج کرتے ہیں اور اسمبلی اور ایوان احتجاج کرتا ہے تو یہ اس پورے ایوان کا اکٹھا مسئلہ ہے، اس پہ جا کر وہاں احتجاج کیا جائے اور جب تک اس پہ کوئی نتیجہ، کسی نتیجے پر ہم نہیں پہنچتے ہیں، میں سمجھتا ہوں ہمارے ہاؤس کو ادھر رہنا چاہیئے اور میں آپ کو ایشورنس دلاتا ہوں کہ جب آپ کے سارے لوگ جائیں گے، ساری پولیٹکل پارٹیز کے لوگ جائیں گے، میں سمجھتا ہوں کہ مسلم لیگ (ن) کے لوگوں کو بھی ساتھ ملا کے وہاں لے جانا چاہیئے، جب ہم سب وہاں جائیں گے اور وہاں بات کریں گے تو مجھے یقین ہے کہ انٹرنیشنل میڈیا کی طرف سے، پاکستانی میڈیا کی طرف سے ہمارے اس احتجاج کو کوریج ملے گی اور اس کے نتیجے میں یہ بڑی، یہ پورے صوبہ خیبر پختونخوا کے لوگوں کی آواز ہے تو اس سے بالکل اس کا اثر ان پر ہوگا اور اسلئے وہ مجبور ہو جائیں گے اس کے اوپر، ہم ان کو مجبور کریں گے، اسلئے میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اکنامک کاریڈور والے

ایشو کو بھی Ignore نہ کریں اور اس اسمبلی کی طرف سے قرار دادیں گئی ہیں، اسمبلی کے سیاسی اور صوبے کی پولیٹکل لیڈر شپ کی طرف سے اس کے اوپر بیانات آئے ہیں، اسلئے اس مسئلے کو ساتھ لیں اور یہ دونوں مسئلے Clip کر کے آپ جمعرات کے روز اس کے اوپر بات کریں اور اگلا احتجاجی دن مقرر کریں تو تب ہی اس کا کوئی نتیجہ نکلے گا۔ میں اس کے اوپر بھی بات کرنا چاہتا تھا اور سر! آپ کو ریکویسٹ کرنا چاہتا ہوں ایک کہ جو الطاف حسین صاحب نے پاکستان کے ریاستی اداروں کے خلاف بیان دیا ہے اور جس طرح انہوں نے ہرزہ سرائی کی ہے اور پاکستان کی سالمیت اور خود مختاری کو جس طرح انہوں نے چیلنج کیا ہوا ہے اور ایک غیر ملکی ایجنسی کو جس طرح انہوں نے Invoke کیا ہے اور اس کو جس طریقے سے انہوں نے پکارا ہے اور اپنے کارکنان کو جس طریقے سے انہوں نے Violence پہ ابھارا ہے، میں ایک ریکویسٹ کرتا ہوں کہ Rule 240 کے تحت Rule 124 کو سسپنڈ کر کے ہمیں ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے جس کے نتیجے میں ہم وفاقی حکومت سے ان کے خلاف مقدمہ دائر کرنے اور ان کی اس ہرزہ سرائی کے Against ان کو ٹاسک، مطلب ان کا محاسبہ کرنے کیلئے درخواست کرنا چاہتے ہیں تو مجھے امید ہے کہ آپ ہمیں رولز کو سسپنڈ کر کے اجازت دیں گے۔

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed, under rule 240, to allow the honourable Members, to move their resolution? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say’ No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Shah Farman Khan.

## قرار دادیں

جناب شاہ فرمان (وزیر آبنوشی): یہ اسمبلی مرکزی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ متحدہ قومی مومنٹ کے خود ساختہ جلاوطن لیڈر الطاف حسین کے قومی اداروں اور حساس قومی معاملات کے حوالے سے اشتعال انگیز بیان کا فوری نوٹس لے۔ الطاف حسین نے مذکورہ بیان میں نہ صرف قوم کی توہین کی ہے بلکہ اپنے پیروکاروں کو ریاست کے خلاف اکسانے، ٹریننگ حاصل کرنے اور لڑنے کیلئے ابھارا ہے اور اپنی تقریر میں

ہندوستانی خفیہ ایجنسی 'را' سے مدد کی بھی درخواست کی ہے۔اس بیان کا اگر محاسبہ نہ کیا گیا تو قومی سلامتی اور خودمختاری اور وفاق پاکستان کو سنگین خطرات سے دوچار ہونے کا بھی خدشہ ہے، لہذا یہ اسمبلی وفاقی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ اس بیان کا جائزہ لیکر آئین کی دفعہ '6' کے تحت غداری کا مقدمہ قائم کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں اور پاکستانی ریاست کی سلامتی کو یقینی بنایا جائے۔

جناب سپیکر! میں اتنا Add کروں گا کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، عنایت اللہ صاحب!

سینیئر وزیر (بلدیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ یہ اسمبلی مرکزی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے خودساختہ جلاوطن لیڈر الطاف حسین کے قومی اداروں اور حساس قومی معاملات کے حوالے سے اشتعال انگیز بیان کا فوری نوٹس لے۔الطاف حسین نے مذکورہ بیان میں نہ صرف قوم کی توہین کی ہے بلکہ اپنے پیروکاروں کو ریاست کے خلاف اکسانے، ٹریننگ حاصل کرنے اور لڑنے کیلئے ابھارا ہے اور اپنی تقریر میں ہندوستانی خفیہ ایجنسی 'را' سے مدد کی بھی درخواست کی ہے۔اس بیان کا اگر محاسبہ نہ کیا گیا تو قومی سلامتی اور خودمختاری اور وفاق پاکستان کو سنگین خطرات سے دوچار ہونے کا بھی خدشہ ہے، لہذا یہ اسمبلی وفاقی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ اس بیان کا جائزہ لیکر آئین کی دفعہ '6' کے تحت غداری کا مقدمہ قائم کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں اور پاکستانی ریاست کی سلامتی کو یقینی بنایا جائے۔

جناب سپیکر: جی، د شاہ فرمان نہ پس بہ تاسو خبرہ اوکړئ۔

وزیر آبنوشی: میں جناب سپیکر! اپنی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک منٹ جناب، چلو منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: یہاں ہم جے یو آئی والے بیٹھے ہیں، ہم بھی اس قسم کی ایک قرارداد لانا چاہتے ہیں کیونکہ یہ تو جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی کی ریزولیوشن ہو گئی کیونکہ اس پر ہم سے کوئی اس قسم کا رابطہ نہیں کیا گیا، لہذا ہمیں بھی رولز سسپنڈ کرنے کی اجازت دی جائے تاکہ ہم ایک علیحدہ ریزولیوشن پیش کریں۔

جناب سپیکر: نہیں، تو پھر ایسا کریں کہ اس پہ آپ جوائنٹ ریزولیوشن لے کے آئیں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تو یہی، یہ تو ان کی اپنی ہو گئی، ہم اپنی خود لے آئیں گے، ہم اپنی علیحدہ خود لا رہے ہیں سر! ان کی اپنی جو ہے پی ٹی آئی اور ان کی اپنی ریزولیوشن ہو گی، اس کے ساتھ پھر ہمارا کوئی تعلق نہیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): ہم اسی موضوع پر بات کرنا چاہتے ہیں اور یہی اس کے Contents ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ہماری ریزولیوشن جوائنٹ ہو جائے، ان میں سے اس ریزولیوشن کو جوائنٹ کر لیں۔

جناب سپیکر: اس میں ٹیکنکل بات یہ ہے کہ اگر ایک ریزولیوشن ایک ایشو پہ پاس ہو جائے تو چھ مہینے کے اندر پھر نہیں ہوتی، تو چلو میں آپ کو ایک ٹائم دیتا ہوں، تھوڑا آپ دونوں مل کر اس کو ایک جوائنٹ ریزولیوشن کر دیں۔ میں تھوڑا میڈم کو چانس دوں گا، اس دوران آپ آپس میں ایک اس کا کر لیں۔ جی میڈم! یہ دوسری والی ریزولیوشن آپ کر لیں۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ۔ جناب سپیکر! آپ کے حکم کے مطابق وہ قرارداد مذمت جو ہے، وہ تیار کی ہے۔ اس پہ جو Signatures ہیں، میرے علاوہ جناب عنایت اللہ، سینیئر منسٹر جماعت اسلامی سے، شہرام خان صاحب سینیئر منسٹر عوامی جمہوری اتحاد سے اور شاہ فرمان خان صوبائی وزیر پی ٹی آئی سے، شاہ حسین خان جے یو آئی فضل الرحمان سے، محترمہ آمنہ سردار پی ایم ایل (این) اور احمد خان بہادر صاحب اے این پی اور پیپلز پارٹی کا کوئی آج موجود نہیں تھا، اسلئے ان کا نام نہیں ہے۔

قرارداد: صوبائی اسمبلی کا یہ اجلاس مورخہ 30 اپریل 2015 کو قومی وطن پارٹی کے مرکزی چیئرمین جناب آفتاب احمد خان شیر پاؤ پر ہونے والے خودکش حملہ کی پرزور مذمت کرتا ہے اور اسے ملک میں جمہوریت پسند قوتوں پر حملہ تصور کرتا ہے، بالخصوص خیبر پختونخوا کی سیاسی قیادت کو نشانہ بنانے کی سازش قرار دیتا ہے۔ اجلاس امید کرتا ہے کہ واقعہ ہذا کی مکمل تحقیقات کی جائیں گی اور اس میں ملوث مجرموں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے گی۔ یہ اجلاس واقعہ ہذا میں شہادت پانے والے پولیس کانسٹیبل کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کرتا ہے کہ صوبائی حکومت ان کی فی الفور مالی اور دیگر معاونت کے احکامات صادر کرے اور زخمیوں کی چارہ جوئی اور بہتر علاج معالجہ کی سہولت بھی فراہم کرے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the joint resolution, moved by the honourable Members, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say' No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously. Ji, Shah Farman Khan.

جناب شاہ فرمان (وزیر آبنوشی): جناب سپیکر! میں اس ریزولیوشن کے حوالے سے اتنا Add کرنا چاہتا ہوں کہ ایک بڑی Serious violation ہوئی ہے اور بالکل غداری کے مترادف ایک حرکت ہوئی ہے لیکن اس کے اوپر پرویز رشید کے یہ Comments آنا کہ یہ غلطی تھی اور امید ہے یہ غلطی دوبارہ نہیں کریں گے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک Culprit کی Protection ہے، جتنی Serious violation ہے اور جس کے اوپر آرٹیکل '6' لاگو کیا جانا چاہیئے، اس Statement کو غلطی کہنا اور پھر میں سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی ایسی حرکت کرے تو پاکستان کے کسی Individual کو یہ اختیار نہیں جناب سپیکر! کہ اس کو اپنی طرف سے معاف کرے اور تنبیہ دے کہ آئندہ ایسا نہیں ہو گا۔ یہ وفاقی حکومت کی طرف سے اس Serious violation کو بڑا Light لیا گیا ہے جناب سپیکر! اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ بجائے اس کے کہ قانون حرکت میں آئے، بجائے اس کے کہ ایک Exemplary punishment ہوتا کہ آئندہ کوئی ایسی حرکت نہ کر سکے تو اس کو اس طرح ٹال مٹول سے کام لینا، اس کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر! میڈیا نے بھی کل نوٹ کیا، پرائم منسٹر صاحب کی طرف سے محتاط رد عمل کا اظہار ہونا، اس طرح کے سیریس ایشو کے اوپر فکر کی بات ہے کہ ایک بندہ اس قسم کی حرکت کرے اور ملک کا پرائم منسٹر اس کو Light لے۔ جناب سپیکر! ہم وفاقی حکومت سے یہ درخواست بھی کرتے ہیں اور اس سے مطالبہ بھی کرتے ہیں کہ وہ اس سیریس ایشو کو اتنا Light نہ لے، نہ اس کو اتنا Light سمجھے، یہ قوم کی آواز ہے کہ اس کو قرار واقعی سزا مل جائے۔

جناب سپیکر: جی، اچھا یہ ریزولیوشن آپ نے دے دی ہے۔ جی عنایت خان!

سینئیر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر! میری درخواست ہے کہ وہ اس پر دستخط کریں اور اس ریزولیوشن کے اوپر شاید جے یو آئی کی طرف سے شاہ حسین ایم پی اے صاحب اور اے این پی کی طرف سے یاسمین پیر محمد

خان صاحبہ، یہ اب اس ہاؤس کے اندر موجود پارٹیوں اور انیسہ زیب صاحبہ، ان کے دستخط، (محترمہ انیسہ زیب صاحبہ سے) آپ نے نہیں کیا ہے جی، آپ کو دکھائیں گے، میرے خیال میں ان سب کے دستخط آجائیں۔ انہی کی ناموں سے یہ جوائنٹ ریزولیوشن پاس ہو گی، انیسہ بی بی کے پاس اس کو لے جائیں۔

جناب سپیکر: اور انیسہ بی بی وہاں سے اس کو پڑھ کے، پھر میں اس کو وہ کرتا ہوں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): خود ہی پڑھ کے، بس جس طرح جو آپ نے امنڈ منٹس کی ہیں، اس کو پڑھ کے پھر اسی کے مطابق اس کو پاس کریں گے۔

جناب سپیکر: چلیں بس، میرے خیال میں آخری آئٹم ہے، اس کو وہ کرتے ہیں۔ اچھا، یہ دو ایشوز پہ Thursday کو جو ہماری میٹنگ ہو گی، اس میں ایک تو لوڈشیڈ نگ جو بجلی کے حوالے سے ہے اور دوسرا کا شغر روٹ ہے، یہ دونوں ایشوز اور خاصکر جو ہائیڈل پرافٹ ہے، اس کے حوالے سے میں منسٹر فنانس صاحب سے ریکویسٹ کروں گا کہ اس میں اس وقت تک جتنا بھی آپ جو کچھ کر چکے ہیں، اس میں آپ تھوڑا اپنا ڈیٹا لیکر آئیں کہ کیا کیا آپ کی گورنمنٹ کے ساتھ میٹنگز ہوئی ہیں، کیا آپ کی ڈسکشن ہوئی ہے اور کیا اس کا نتیجہ ہے؟ تو اس میٹنگ میں آپ بھی آئیں گے تو Kindly یہ ساری ڈیٹیل آپ لکھ کے آئیں۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، میڈم!

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! بہتر تو یہ ہوتا کہ ہم پہلے سارے بیٹھ کے اس طرح کی کوئی اہم قرارداد ساری پارٹیز کے ساتھ، ابھی اس وقت تو Almost آج ہمارے جو پارٹی کے ممبران ہیں، ہمارا ایک جلسہ ہے، اس کیلئے چلے گئے ہیں لیکن چونکہ یہ Unanimous resolution ہے اور ہاؤس کی Unanimity کیلئے میں کسی طور پہ اس سے صرف نظر نہیں کروں گی۔ بنیادی طور پہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ کوئی بھی ایسی شخصیت کسی بھی پارٹی کے ساتھ، جو افواج پاکستان کی کسی بھی طور پہ تضحیک یا کسی بیرونی ملک کو امداد کیلئے للکارنا یہ ایک انتہائی نامناسب بلکہ ایک سیریس کرائم ہے لیکن پھر میں سمجھتی ہوں کہ باری تعالیٰ کے حضور میں بھی انسان بڑا گناہ کبیرہ کر کے اگر معافی مانگے تو معافی کا راستہ کھل جاتا ہے تو وہ باری تعالیٰ معافی قبول کر لیتا ہے، تو اگر اس کے لیڈر نے ابھی معافی مانگی ہے تو کیا یہ ضروری ہے کہ ہم اس کو

ایک خاص حد تک، اگر ان کو یہ احساس ہے کیونکہ پوری قوم نے اسے ناپسندیدہ قرار دیا ہے، تو اگر کوئی ایسی سیچویشن ہے بھی تو ہم سمجھتے ہیں کہ اس وقت اس معافی کو مانا جائے لیکن چونکہ وفاقی حکومت کو یہ کہا گیا ہے کہ اس میں جائزہ لے کر اور اس میں یہ ایک Safety رکھی ہے تو یہ وفاقی حکومت کی طرف ہے کیونکہ ہم بھی یہ سمجھتے ہیں کہ اس طرح کا بیان دینا واقعی آئین پاکستان کی Violation ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ افواج پاکستان کی تضحیک ہماری نظر میں ہے، تو اس کو میں سائن بھی کر رہی ہوں اور آپ کے کہنے کے مطابق میں اسے پڑھ بھی رہی ہوں۔

جناب سپیکر: جی، میڈم! پڑھ لیں پھر اس کو۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: یہ اسمبلی مرکزی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ متحدہ قومی مومنٹ کے خود ساختہ جلاوطن لیڈر الطاف حسین کے قومی اداروں اور حساس قومی معاملات کے حوالے سے اشتعال انگیز بیان کا فوری نوٹس لے۔ الطاف حسین نے مذکورہ بیان میں نہ صرف قوم کی توہین کی ہے بلکہ اپنے پیروکاروں کو ریاست کے خلاف اکسانے، ٹریننگ حاصل کرنے اور لڑنے کیلئے ابھارا ہے اور اپنی تقریر میں ہندوستانی خفیہ ایجنسی 'را' سے مدد کی بھی درخواست کی ہے۔ اس بیان کا اگر محاسبہ نہ کیا گیا تو قومی سلامتی، خود مختاری اور وفاق پاکستان کو سنگین خطرات سے دوچار ہونے کا بھی خدشہ ہے، لہذا یہ اسمبلی وفاقی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ اس بیان کا جائزہ لے کر آئین کی دفعہ '6' کے تحت غداری کا مقدمہ قائم کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں اور پاکستانی ریاست کی سلامتی کو یقینی بنایا جائے۔

اس میں یہ دستخط عنایت اللہ صاحب نے کئے ہیں، شاہ حسین صاحب نے، یاسمین پیر محمد خان نے اور شاہ فرمان صاحب نے اور پھر میں نے بھی، اور ایک دستخط اور ہے۔

جناب سپیکر: عنایت خان کا ہے؟

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: عنایت اللہ، جی سر۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the joint resolution, moved by the honourable Members, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، عنایت خان۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میں مشکور ہوں اپنے اپوزیشن کے دوستوں کا کہ انہوں نے ہمارے ساتھ اس ریزولیوشن کے اوپر Agree کیا لیکن میڈیا کے لوگ، آپ کی وساطت سے میڈیا کے دوستوں کو ذرا مخاطب کرتے ہوئے یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ یہ ہمارے بھائی ہیں اور یہ اسمبلی کے اندر آکر ڈیوٹی کرتے ہیں اور کوریج کرتے ہیں، ان کے کیمرے بھی لگے ہوتے ہیں اور اس اسمبلی کی کارروائی ریکارڈ ہوتی ہے اور میرا خیال ہے کہ یہ بڑی کوشش بھی کرتے ہیں کہ اس کو وہاں اوپر بھیجیں لیکن مجھے سخت تکلیف کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہماری اس صوبائی اسمبلی کو بلیک آؤٹ کیا جاتا ہے، اس کا کوئی ذکر جو میڈیا چینلز ہیں، ان کے اوپر بالکل نہیں ہوتا ہے، اس کی کارروائی کو بالکل کوئی Lift نہیں کراتا ہے اور یہ ہمارے ان دوستوں کی کمزوری، ان کی کمی نہیں ہے، یہ ایک Attitude اور رویہ ہے جو Overall اس خیبر پختونخوا کے ساتھ کیا جارہا ہے، تو اسلئے اگر میں نے دیکھا کہ سندھ اسمبلی کے اندر مذاق کی ایک بات کو بار بار دکھایا جارہا تھا لیکن اس اسمبلی کے اندر کاریڈور کے ایشو کے اوپر بات ہوئی تھی، اس اسمبلی کے اندر نادرا کے ایشو کے اوپر بات ہوئی تھی، اس اسمبلی کے اندر یہ جو واپڈا کا ایشو ہے، اس کے اوپر بات ہوئی تھی اور ان سارے Important issues کو بلیک آؤٹ کیا گیا، تو اگر میری آواز کو، آپ میرے حقوق بھی نہیں دیتے ہیں اور میرے اس ایوان کی آواز کو بھی آپ دباتے ہیں اور اس کو آپ ٹی وی پر کوریج بھی نہیں دیتے، سننے بھی نہیں دیتے ہیں تو اس صوبے کے لوگوں کو پھر کیا راستہ دکھایا جاتا ہے؟ تو میں آپ کی وساطت سے میڈیا کے دوستوں کے تھرو ایک یہ گلہ بھی کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری اس اسمبلی کی کارروائی کو بالکل آپ اگر غیر جانبداری سے دیکھیں گے، اس کو بلیک آؤٹ کیا جاتا ہے، اسلئے میں ان سے درخواست کرتا ہوں کہ یہ ایشو بھی تھوڑا اسی ایوان کے تھرو یہ گلہ بھی آگے پہنچا دیا جائے کہ اس اسمبلی کی کارروائی کو آئندہ کیلئے بھرپور کوریج دی جائے اور اس پہ آپ اقدامات بھی اٹھائیں، آپ سے ریکویسٹ ہے کہ آپ اقدامات بھی اٹھائیں، ان کے ساتھ میٹنگ کریں، ان کے بیورو چیف کے ساتھ میٹنگ کریں، ان کو بلا کر اس اسمبلی کے اندر میٹنگ کریں اور اپنا، یہ ہمارا جو

Concern ہے، یہ اسلام آباد کے اندر ان کی جو ٹاپ مینجمنٹ بیٹھی ہوئی ہے، اس تک یہ بات پہنچائیں، ٹی وی چینلز کے مالکان تک یہ بات پہنچائیں اور میں جی یہ کہنا چاہتا ہوں کہ صوبائی، یہاں صوبے کے اندر بھی جو ہمارے اپنے پرنٹ میڈیا کے اخبارات ہیں، ان میں بھی صوبائی اسمبلی کی خبر جو ہے وہ پشت پر لگی ہوتی ہے، یہ بھی زیادتی ہے، صوبائی اسمبلی کی خبر جو ہے وہ بالکل پشت پر لگی ہوتی ہے، تو ان چیزوں کے حوالے سے آپ اپنی ذمہ داریاں بھی پوری کریں اور ہماری اس آواز میں مطلب تھوڑا وہ آپ ڈالیں۔

جناب سپیکر: (سیکرٹری اسمبلی سے) سیکرٹری صاحب! سیکرٹری صاحب، آپ اس کے حوالے سے پر اپر جو ان کے مالکان ہیں، خاصکر جو کراچی میں بیٹھتے ہیں، اسلام آباد میں، ان کو ایک باقاعدہ اس اسمبلی کی طرف سے اپنا ایک احتجاج ریکارڈ کرائیں یا ایک Complaint کروادیں کہ یہ ہمارے ایم پی ایز کی اور ہماری اسمبلی کا ایک Concern ہے۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، میڈم!

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! یہ بہت اہم نکتہ عنایت اللہ صاحب نے اٹھایا ہے اور میں اس کی مکمل ان کے ساتھ تائید کرتی ہوں۔ یہ ایک ایسا ایشو ہے، دیکھیں پرائیویٹ میڈیا پھر بھی یہاں کی کوریج کرتا ہے حتی الامکان ہر ایشو پہ وہ ممبران کے Sorts بھی لیتا ہے، ان کو اپنی وہ دیتا بھی ہے لیکن دیکھیں آج کل جو پرائیویٹ میڈیا ہے، وہ سارا Business venture ہے، کراچی کی اگر کوئی ہلکی سی بات ہو گی، وہاں کا ایک اپنا بزنس ہوتا ہے، کراچی کی جو اسمبلی ہے، سندھ کی جو اسمبلی ہے 'کے ٹی این' چینل اس کی تمام کارروائی رات کو ٹی وی پر دکھاتا ہے، اکثر کوئی اہم ایشو ہو تو براہ راست دکھاتا ہے جو سندھی چینلز ہیں۔ پنجاب کا اپنا ایک سٹی کا ٹی وی ہے 'C 42' وہ اگر ہے تو وہ اس کو دکھاتا ہے اور بھی ایشوز، جو پنجاب ٹی وی ہو گیا، وہ اس کو وہاں سے براہ راست دکھاتا ہے، پی ٹی وی Out of way، زیادہ جو ہم دیکھ رہے ہیں، وہ سندھ اور پنجاب اسمبلی کے اوپر مرکوز ہے، ان کا ایک Ritual ہے یا ایک طریقہ کار ہے کہ اگر آپ نے کوئی بہت اہم Event بھی کیا، پہلے زمانے میں سپیکر کی علیحدہ کوریج ہوتی تھی، اسمبلی کی علیحدہ کوریج ہوتی تھی، سی ایم کی علیحدہ، گورنر کی علیحدہ، ہر Event کو، آج ہم یہ دیکھتے ہیں کہ پنجاب کے حوالے سے ایک ہی خبر کو،

پھولوں کی نمائش کیوں نہ ہو، وہ مختلف طریقے سے اس کو دکھاتے ہیں، ایک دن بھی دوسرے دن بھی، کوئی بھی ایشو ہو اور خیبر پختونخوا کے اہم بلز کوئی پاس ہوں یا کوئی اہم ایشو ڈسکس ہو، بہت ڈیبیٹ ہو تو اس کی میرے خیال میں Hardly تیس سیکنڈ کی، میں اکثر اس کو Gauge کرتی ہوں تو تیس سیکنڈ بھی وہ آکر اور ایک آدھ بندے کو، شاہ فرمان خان کو یا مشتاق غنی صاحب کو کھڑا ہوا بولتے ہوئے دکھایا اور چلو یہ میں نام نہیں لے رہی ہوں، ایک آدھ منسٹر کو اور باقی سب کو غائب، آپ بھی میرے ساتھی ہیں لیکن پی ایم ایل (این) والوں کے ساتھ انتہائی ادب کے ساتھ اور معذرت کے ساتھ ان کے کسی ممبر کو، دو چار کو Reflect کر کے تو That's it، ہمارے لئے یہ بہت ضروری ہے کہ آپ کے آفس سے جی ایم پی ٹی وی کو اس سلسلے میں ضرور ایک مراسلہ بھیجا جائے اور ساتھ ہی ہم اس کو اپنے ایجنڈے پہ جو یہاں پہ جرگہ بنا ہے، وفاق سے جو ہم نے بہت سے ایشوز Take up کرنے ہیں، اس میں ایک یہ بھی ہے، جو آپ کی، ہم علیحدہ چینل کیلئے آواز نہیں اٹھاتے کہ ہم صوبے کا اپنا چینل بناتے ہیں، ہمارے پاس خیبر ٹی وی، افغان ٹی وی، اس طرح کے بہت سے پشتو چینلز آگئے ہیں پشتو چینلز، ہم ان میں سے کسی ایک کے ساتھ بات چیت کر کے، خیبر کے ٹو کا چینل ایک بڑا Important ہے ہزارہ کے حوالے سے، یہ دو Important ٹی وی چینلز ہیں جن کے ساتھ ہم بات کریں اور ان کے اکابرین کو بلا کر یہاں پہ اس کو دیا جائے۔ جن لوگوں کا انٹرسٹ ہو گا خود بخود جو آپ کے وہاں پہ جو ناظرین ہیں، Viewers، وہ ان چینلز کی طرف راغب ہوں گے، ان کو پبلسٹی ملے گی تو ان کو دے کر ان کے ساتھ ایک ورک آؤٹ کریں پرائیویٹ چینلز میں، تو باقی پرائیویٹ میڈیا آپ کی طرف خود راغب ہو گا کہ اگر کچھ چیزیں لوگ صرف اسلئے جن کو صوبائی اسمبلی کے ایشوز، ان کا اپنے ممبران کی ورکنگ کے ساتھ انٹرسٹ ہے، وہ ان چینلز کی طرف جائیں گے تو باقی چینلز جو ہیں وہ خود اس طرف آئیں گے اور میں Appreciate کرتی ہوں جو ہمارے پرائیویٹ چینلز ہیں، وہ حتی الامکان کوشش کرتے ہیں، پی ٹی وی کو حتی الامکان یہ چاہیئے کہ اپنا قبلہ بھی درست کرے کیونکہ پی ٹی وی کے ساتھ میرا تعلق بطور وزیر مملکت برائے نشریات رہا ہے، میں سمجھتی ہوں کہ ان کے اوپر، اگر آپ کا ایک دفعہ پی ٹی وی کے ایم ڈی کو آپ کی طرف سے مراسلہ گیا اور یہ پوائنٹ آؤٹ کیا تو وہ اس چیز کو لیں گے، ابھی تک ہم نے ان سے پوچھا نہیں ہے اور ہم نے یہاں پر ابھی تک کوئی ایسی قرارداد بھی پیش نہیں کی جس سے ہم یہ پی ٹی وی کو پوائنٹ

آؤٹ کریں۔ یہ چیزیں ہمیں کرنا ہوں گی تو I am sure کہ جو ہمارے حصے کا ٹائم ہے، وہ ہمیں نہ صرف نو بجے کے خبر نامہ بلکہ ان کے تمام بولیٹن میں مل جائے گا۔

جناب سپیکر: جی، عاطف خان!

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میڈم نے تو ڈیٹیل میں بات کرلی ہے۔ ایک تو صحیح ہے کہ ہماری اسمبلی کی کوریج بھی چینلز پر کم ہوتی ہے لیکن وہ تو بہر حال پرائیویٹ چینلز ہیں، ان کی اپنی مرضی ہے، ان کے اوپر تو ہم کیا کہہ سکتے ہیں لیکن جو پی ٹی وی کی بات آئی جو میڈم نے ذکر کیا، آپ ضرور اگر اپنی طرف سے، اسمبلی کی طرف سے کیونکہ یہ پاکستان ٹیلی ویژن نیٹ ورک ہے، یہ کسی پرائیویٹ ادارے کا نہیں ہے، یہ کسی Individual کا نہیں ہے، یہ پاکستان کے لوگوں کے ٹیکس کے پیسوں سے چلتا ہے اور اسمبلی کوریج کے حوالے سے بھی خصوصاً جو ان کی Biased approach ہے، آپ کبھی پی ٹی وی اٹھا کے دیکھ لیں، یہ پچھلے دنوں جو آیا تھا یہ بارشوں میں اور جو طوفان کا مسئلہ آیا تھا، آپ اگر اس شام کی کوریج اٹھا کر دیکھ لیں، پی ٹی وی بالکل ایسی کوریج کر رہا تھا کہ جیسے یہ پارٹی ہو، جیسے یہ پی ایم ایل (این) کے نمائندے ہوں۔ ہماری حکومت کے خلاف والے تین بندے بٹھائے ہوئے تھے اور تینوں لگے ہوئے تھے اور ساتھ میں اینکر پرسن بھی ایسے لگا ہوا تھا جیسے یہ ایک پارٹی کو Represent کر رہا ہو، تو میں چیف منسٹر سے بھی ضرور بات کروں گا، اپنے انفارمیشن منسٹر سے بھی ضرور بات کروں گا کہ پرائیویٹ چینل تو ٹھیک ہے، ان کی تو اپنی Independent ایک پالیسی ہو گی لیکن جو سرکاری چینلز ہیں، جو پاکستان کا نیشنل چینل ہے، اس کا یہ حق نہیں بنتا کہ وہ کسی ایک پارٹی کو ٹارگٹ کرے اور کسی ایک پارٹی کو پروموٹ کرے۔ یہی اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آپ ذرا بتائیں کہ آپ نے کتنی کوریج دی ہے، آپ ذرا پچھلے مہینے کی یا چھ مہینے کی کوریج اٹھا کے دیکھ لیں کہ آپ نے صوبائی اسمبلی کی، باقی اسمبلیوں کی کتنی کوریج کی ہے اور ہماری اسمبلی کی کتنی کوریج کی ہے؟ تو یہ میں ضرور ریکارڈ پہ لانا چاہتا ہوں کہ جو پی ٹی وی کی Biased approach ہے، اس کیلئے خصوصاً اسمبلی کے حوالے سے بھی اور جو وہ ایک پارٹی کو Specifically malign کرتے ہیں، ان دو تین لوگوں کو بلا کر اور اگر میں کسی پولیٹیکل پارٹی کا Representative، میں کسی پارٹی کے بارے میں جو کہوں خیر ہے، کسی اور پارٹی کا Representative اگر میرے بارے

میں، میری پارٹی کے بارے میں کچھ کہے خیر ہے لیکن اگر ایک سرکاری ادارہ ہے اور وہ کسی ایک پارٹی کے خلاف اگر بات کرتا ہے، وہ خیر نہیں ہے۔اس کے بارے میں ہم چیف منسٹر صاحب سے بھی بات کریں گے اور انفارمیشن منسٹر سے بھی، تو Officially وہ بھی لیٹر لکھیں گے اور آپ بھی Kindly اگر اس کا اسمبلی کے حوالے سے بھی کر سکتے ہیں تو میرے خیال میں بہت اچھا ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: اجلاس کو مورخہ 2015-05-07 بروز جمعرات سہ پہر دو بجے تک ملتوی کرتا ہوں۔

---

(اجلاس بروز جمعرات مورخہ 07 مئی 2015ء بعداز دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)

## ضمیمہ

2413 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر جیلخانہ جات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں جیلیں موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) صوبہ میں جیلوں کی تفصیل، ان میں قیدیوں کی گنجائش اور ان میں موجود مردانہ وزنانہ قیدیوں کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ جیلوں میں قیدیوں کیلئے کھانا اور دیگر کھیل کود کی سہولتیں موجود ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

ملک قاسم خان خٹک (مشیر جیلخانہ جات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) (i) صوبہ خیبر پختونخوا میں جیلوں کی تفصیل، ان میں قیدیوں/حوالاتیوں کو رکھنے کی گنجائش اور مردانہ وزنانہ قیدیوں/حوالاتیوں کی تعداد کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

(ii) قیدیوں/حوالاتیوں کو کھانا جیل رول نمبر 472 اور رول نمبر 473 میں درج سکیل کے عین مطابق دیا جاتا ہے جس کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔ نیز قیدیوں کو تمام بنیادی سہولیات جیل رولز کے عین مطابق مہیا کی جاتی ہیں اور کسی قسم کے امتیازی سلوک کے بغیر ایک جیسی روش روا رکھی جاتی ہے جس میں درج ذیل سرفہرست ہیں:

1۔ تمام جیلوں میں ہسپتال، بنیادی مراکز صحت موجود ہیں۔ صوبائی حکومت نے موجودہ مالی سال کیلئے صحت کی مد میں مبلغ 64 لاکھ 34 ہزار روپے مہیا کئے ہیں جس میں مختلف دوائیوں کے علاوہ میڈیکل آلات خریدے جائیں گے۔

2۔ ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال سے ہر ہفتے سپیشل ڈاکٹرز جیلوں کا دورہ کرتے ہیں اور مریض قیدیوں/حوالاتیوں کو طبّی سہولیات فراہم کرتے ہیں۔

3۔ میڈیکل اور پیرامیڈیکل سٹاف تمام جیلوں میں تعینات کیا گیا ہے اور مریض قیدیوں کو 24 گھنٹے طبّی سہولیات فراہم کرنے میں مصروف رہتا ہے۔

4۔بلڈ سکریننگ ٹیسٹ برائے ہیپاٹائٹس بی اور سی تمام قیدیوں/حوالاتیوں کے کرائے جاتے ہیں اور مریض قیدیوں کو ہر قسم کے علاج معالجے کی تمام سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔

5۔دینی وعصری علوم قیدیوں کو باقاعدہ دیئے جاتے ہیں جس کیلئے اساتذہ تعینات کئے گئے ہیں۔

6۔قیدیوں کو جیل کے اندر مختلف ہنر سکھائے جاتے ہیں تاکہ جیل سے رہا ہونے کی صورت میں معاشرے میں باعزت زندگی گزار سکیں۔

7۔دیگر سہولیات کے علاوہ صاف پانی اور کولر مہیا کئے گئے ہیں، نیز ہر بیرک میں پنکھے موجود ہیں اور لوڈشیڈنگ کی صورت میں جنریٹر کی سہولت بھی مہیا کی گئی ہے۔

8۔تفریحی سہولیات میں ٹی وی اور ریڈیو کی سہولت بھی میسر ہے، نیز جن جیلوں میں میدان موجود ہیں وہاں قیدیوں کو کرکٹ، فٹبال، والی بال، بیڈمنٹن اور دیگر Indoor اور ذہنی وجسمانی نشونما کے کھیل کود کی سہولیات مہیا کی جاتی ہیں۔

9۔قیدیوں کی اصلاح کی غرض سے صوبے کی مختلف جیلوں میں سائیکالوجسٹ تعینات کئے گئے ہیں۔

10۔جیل کے اندر تعلیم حاصل کرنے کی صورت میں قیدیوں کو جیل رول نمبر 215 میں درج سکیل کے مطابق معافی دی جاتی ہے جس کی کاپی ایوان کو فراہم کی گئی۔

11۔مختلف این جی اوز قیدیوں کو دیگر سہولیات مہیا کرنے میں مصروف ہیں جس میں مختلف قسم کے ہنر، تعلیم اور Legal Counselling کی سہولیات بھی شامل ہیں۔

ضمیمہ (الف)

2425 _ محترمہ آمنہ سردار: کیاوزیر کھیل وسیاحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 2013 اور 2014 میں کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود، سپورٹس ایسوسی ایشنز، کھیلوں کے انعقاد اور تشہیر کی مد میں کتنا فنڈ جاری کیا گیا ہے، جاری شدہ فنڈز کی تفصیل بمعہ وصول کنندہ گان کے ناموں کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امجد خان آفریدی (مشیر برائے کھیل و سیاحت): (الف) جی نہیں، صوبائی حکومت نے سال 14-2013 میں کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود کیلئے کوئی فنڈ جاری نہیں کیا جبکہ سپورٹس ایسوسی ایشنز کیلئے سالانہ گرانٹ کی مد میں مبلغ ایک کروڑ 50 لاکھ روپے مختص کئے گئے تھے جو کہ متوازی صوبائی ایسوسی ایشنوں کے درمیان تنازع کی وجہ سے خرچ نہ ہو سکے اور رقم صوبائی خزانہ میں واپس کر دی گئی۔ اس کے علاوہ کھیلوں کی انعقاد کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ایک کروڑ 50 لاکھ روپے اور غیر ترقیاتی بجٹ میں 45 لاکھ روپے مختص کئے گئے تھے جن میں درج ذیل مرد و خواتین کی گیمز کا انعقاد کیا گیا:

1۔ انٹر زونل مرد سکول لیول فٹ بال، اتھلیٹکس، کرکٹ، ہاکی اور والی بال کے مقابلے منعقد کئے گئے۔ مرد اور خواتین کے مقابلوں پر مبلغ 90 لاکھ روپے خرچ ہوئے۔

2۔ انٹر ریجنل گرلز جوڈو، باسکٹ بال، ہاکی، والی بال، بیڈ منٹن، ٹینس اور کرکٹ کے مقابلے شامل ہیں۔

3۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام مرد Under 14 سوئمنگ، ہاکی، فٹبال، بیڈ منٹن، اتھلیٹکس اور والی بال کے بین الصوبائی ٹورنامنٹس اور تربیتی کیمپ اور خواتین Under 16 کے جوڈو، بیڈ منٹن، ٹیبل ٹینس اور اتھلیٹکس کے بین الصوبائی ٹورنامنٹس، تربیتی کیمپس شامل ہیں اور ساتھ ہی مالم جبہ سوات میں 'سکیٹنگ' کے مقابلے جو کہ آرمی کی سرپرستی میں منعقد کرائے گئے جن پر مبلغ 36 لاکھ 31 ہزار 413 روپے خرچ ہوئے۔

4۔ قومی دن اور یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں ہاکی اور فٹ بال کے مقابلے کرائے گئے۔

5۔Under 17 عمران خان 'ٹیلنٹ ہنٹ' پروگرام کے تحت پورے صوبے میں ہونہار کھلاڑیوں کے کرکٹ ٹرائلز اور سلیکشن کرائی گئی جس پر ایک کروڑ 29 لاکھ 33 ہزار روپے خرچ کئے گئے جس کی باقاعدہ تشہیر کی جاتی رہی جس پر مبلغ 15 لاکھ 28 ہزار 304 روپے خرچ ہوئے۔

6۔اس سال کل رقم مبلغ 23 لاکھ 80 ہزار روپے مختلف گیمز کے انعقاد کیلئے بذریعہ مالی امداد بھی خرچ کئے گئے جس میں کرکٹ، سکواش اور بیل ریس بھی شامل ہیں۔ نیز مندرجہ بالا تمام کھیلوں کے مقابلوں کی تشہیر کی جاتی رہی ہے۔